2834 ـ سودی بنك میں معلومات منظم کرنے کی ملازمت کرنا

سوال

مجھے ایك انجینئر کی طرف سے شادی کی پیشکش ہوئی ہے جو ایك بنك میں کمپیوٹر کا کام کرتا ہے، میں اس کام کے قبول کرنے کا حکم معلوم کرنا چاہتی ہوں، مجھے بہت پریشانی ہے کہ آیا یہ آمدنی حلال ہے یا حرام ؟

پسندیدہ جواب

الحمد للہ.

اگر تو مذکورہ بنك سودی ہے تو اس میں مندرجہ ذیل حدیث جابر رضی اللہ تعالی عنہ کی بنا پر ملازمت کرنی جائز نہیں:

جابر رضی اللہ تعالی عنہ بیان کرتے ہیں کہ:

" نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے سود کھانے، اور سود کھلانےوالے، اور سود لکھنے والے، اور سود کے دونوں گواہوں پر لعنت فرمائی اور کہا: یہ سب برابر ہیں"

صحیح مسلم حدیث نمبر (2995).

اللہ تعالی سے ہماری دعا ہے کہ وہ آپ کو اس کا نعم البدل عطا فرمائے، اور اس سے بہتر عطا کرے.

واللہ اعلم .